بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# Federal Shariat Court

Islamabad 21 نومبر 2022،

ڈاکٹر محمد مطیع الرحمٰن،

سینئر ریسرچ ایڈوائزر

فون نمبر 051-9203443

## پریس ریلیز

کم عمری وزبردستی کی شادی کے خلاف ازخود نوٹس کیس جو وفاقی شرعی عدالت، پاکستان میں آج سماعت کے لئے مقرر تھا۔ تفصیلات کے مطابق کم عمری وزبردستی کی شادی کے خلاف ازخود نوٹس کیس جو وفاقی شرعی عدالت، پاکستان میں آج سماعت کے لئے مقرر تھا جس کی سماعت عدالت کو معزز بنچ جو کہ جسٹس ڈاکٹر سید محمد انور، چیف جسٹس، وفاقی شرعی عدالت اور جسٹس خادم حسین ایم شیخ پر مشتمل تھا۔ دوران سماعت چاروں صوبوں کے متعلقہ لاء آفیسرز نے نمائندگی کی، تاہم وفاقی حکومت کی طرف سے کوئی بھی پیش نہ ہوا، جس پر معزز بنچ نے برہمی کا اظہار کیا۔ فاضل وکیل بلوچستان نے وقوعہ کے حوالے سے تفصیلی رپورٹ پیش کی، تاہم وہ کم عمری وزبردستی کی شادی کی روک تھام کے حوالے سے کوئی مسودہ پیش نہ کر سکے جس پر معزز عدالت نے حکم جاری کیا کہ اگلی سماعت تک اس بابت قانون کا مسودہ بمعہ رپورٹ عدالت میں پیش کریں۔ کیس پر مزید کاروائی غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دی گئی۔

**(ڈاکٹر مطیع الرحمٰن)**

سینئر ریسرچ ایڈوائزر

وفاقی شرعی عدالت، پاکستان